فوری ریلیز کے لیے: 2022/12/13 گورنر ***KATHY HOCHUL***

***گورنر HOCHUL کا 10$ ملین لاگت کے ڈاؤن ٹاؤن احیائے نو کے اقدام کے حصے کے طور پر میسینا گاؤں کے لیے تغیر و تبدل کے 8 پروجیکٹس کا اعلان***

***ڈاؤن ٹاؤن کی احیائے نو کے آٹھ پروجیکٹس گلیوں کے مناظر اور عوامی مقامات کو بہتر بنائیں گے، اینکر عمارات کی بحالی کا کام انجام دیں گے، چھوٹے کاروباری اداروں کی معاونت کریں گے اور ایک مزید متحرک ڈاؤن ٹاؤن تخلیق کریں گے***

***مرحلہ 5 میں 10$ ملین کی DRI سرمایہ کاری کمیونٹی کو کلیدی عمل انگیز پروجیکٹس کے ساتھ مالا مال کرنے کے لیے سٹریٹیجک ہدف کا حصہ ہے***

***پروجیکٹس کی تفصیلات یہاں دستیاب ہیں***

گورنر Kathy Hochul نے آج 10$ ملین کے ڈاؤن ٹاؤن احیائے نو کی اقدامی تفویض کے حصے کے طور پر میسینا گاؤں میں تغیر و تبدل کے آٹھ منصوبوں کا اعلان کیا ہے۔ ان تفویضات کے ذریعے میسینا گاؤں میں تاریخی اعتبار سے محفوظ، گنجان ڈاؤن ٹاؤن کے اندر فرسودہ عمارات کو دوبارہ قابلِ استعمال بنایا جائے گا، عوامی مقامات اور گلی کے منظر کے باہمی ربط میں بہتری لائی جائے گی، ساحلی کنارے تک رسائی اور اس سے استفادہ کیا جائے گا، نیز تجارتی و رہائشی مواقع میں توسیع کی جائے گی۔

"ہم میسینا میں ملازمتوں، کاروباروں، اور لوگوں کو متوجہ کر کے ایک نئے دور میں داخل ہو رہے ہیں اور کمیونٹی کو رہنے اور کام کرنے کے لیے ایک بہتر جگہ بنا رہے ہیں،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "DRI کی اس سرمایہ کاری کا شکریہ، نیویارک کے باشندگان اور سیاح آئندہ کئی دہائیوں تک میسینا کی وسیع تاریخ اور زندگی سے بھرپور ڈاؤن ٹاؤن سے لطف اٹھا سکیں گے۔"

میسینا کے احیاء کے عمل میں مزید چہل قدمی کرنے کے قابل، سرسبز و شاداب، متحرک، اور مربوط کمیونٹی کی تخلیق پر توجہ مرکوز کی گئی ہے۔ میسینا سینٹ لارنس کاؤنٹی کی ابتدائی بستیوں میں سے ایک ہونے کی حیثیت سے ایک طویل اور حکایات سے بھر تاریخ رکھتی ہے۔ شمالی خطے میں واقع دیگر متعدد کمیونٹیز کی طرح، میسینا بھی زوال، عدم سرمایہ کاری اور غیر صنعتی بنائے جانے کے عمل کے بموجب لوگوں کے ہجرت کر جانے کے دور سے گزری۔ تاہم اپنی دلکشی، کثیر جنگلاتی اراضی، ساحلی کنارے تک رسائی اور کم خرچ بجلی کے باعث، ٹاؤن اپنے ڈاؤن ٹاؤن کی دوبارہ دریافت اور اس کے احیاء کی جانب متحرک ہوا ہے، جیسا کہ اس کے ویژن کے بیان میں واضح طور پر بیان کیا گیا ہے -- "مستقبل کی جانب میسینا کی پیش رفت: فخریہ ماضی، پُرعزم مستقبل۔"

ڈاؤن ٹاؤن کی اقدامی تفویض (DRI) کے ذریعے، یہ گاؤں اپنی گلیوں کے مناظر اور عوامی مقامات کی بہتری، کلیدی اینکر عمارات کی بحالی اور انہیں دوبارہ زیرِ استعمال لانے، نیز چھوٹے کاروباروں کی معاونت کے ذریعے اپنے ڈاؤن ٹاؤن کو بدل کر رکھ دے گا۔ یہ سرمایہ کاریاں گورنر کی ریاست کے شمالی حصے کی معیشت کے احیاء اور شمالی خطہ مملکت کے اندر مزید مواقع تخلیق کرنے کی جاری کوششوں کا حصہ ہیں۔ DRI کی قیادت ریاستی محکمے کی جانب سے کی جاتی ہے جو تکنیکی مدد فراہم کرتا ہے کیونکہ ہر حصہ لینے والا علاقہ ایک تزویراتی

سرمایہ کاری کا منصوبہ تیار کرتا ہے جس میں مخصوص منصوبوں کی نشاندہی کی جاتی ہے جس میں شہر کے مرکز کے علاقے کے احیاء کے لیے ایک منفرد نصب العین ہوتا ہے۔ جُوں جُوں احیاء کے عمل میں پیش رفت ہو گی اور یہ متحرک ہو گا، تو 9.7$ ملین کی یہ DRI سرمایہ کاری عوامی اور نجی شعبوں کی سرمایہ کاریوں کو معاونت فراہم کرے گی۔

DRI کے ذریعے سرمایہ فراہم کردہ مخصوص پروجیکٹس میں درج ذیل شامل ہیں:

<u>**گلیوں کے منظر اور عوامی مقامات میں بہتری**</u>

**ڈاؤن ٹاؤن کی گلیوں کے منظر کو بہتر بنانا - DRI تفویض: 2,984,000$**
گلیوں کے منظر میں بہتری لانے کے عمل کا نفاذ جس میں سٹریٹ لائٹنگ، پیدل گزرگاہیں، گلیوں میں درخت اگانا، پُلوں کے نیچے لائٹنگ، پیدل چلنے والوں کے لیے راستے، بینچوں کی تنصیب، اور گلیوں کے منظر کو منفرد حسن سے آراستہ کرنے کے طریقوں کی تلاش شامل ہے۔

**دریا کنارے پیدل گزرگاہوں کے لیے داخلی راستہ اور وسیع احاطے کی تخلیق - DRI تفویض: 1,900,000$**
سابقہ میسینا سکول آف بزنس سائٹ کی پختہ صحن/تغیر پذیر مقام میں تبدیلی، جو ڈاؤن ٹاؤن راہداری کو دریا کنارے پیدل گزرگاہوں والے مقامات سے مربوط کرے، جبکہ تاریخی بزنس سکول کے سامنے والے حصے کو محفوظ رکھا جائے۔

**ڈاؤن ٹاؤن میں دریا کنارے پیدل گزرگاہوں کا قیام - DRI تفویض: 1,715,000$**
گراس دریا کے حصوں کے ساتھ خوش منظر پیدل گزرگاہوں کا قیام اور موجودہ زمین مالکان کے ساتھ مل کر آگ سے بچاؤ کے محکمے کے عقب میں کائیک لانچ کو باضابطہ بنانا۔

<u>**موجودہ اینکر عمارات کی بحالی**</u>

**JJ نیوبیری عمارت کی تزئین و آرائش - DRI تفویض: 1,633,000$**
تاریخی عمارت کی تجدید و مرمت: اپارٹمنٹس کو ضم کرنا، لچک پذیر ریٹیل مقام، اور دفتری جگہ، اس کے علاوہ چھت پر تختے کی تنصیب، اور موجودہ سامنے والے حصے کی تبدیلی۔

**37 واٹر سٹریٹ کی بحالی - DRI تفویض: 605,000$**
معمولی سطح پر مصنوعہ سازی اور آئسکریم، دہی اور پنیر کی علاقائی تجارتی فروخت کی خاطر ایک متروکہ عمارت، نیز ریٹیل کریمری سٹور کے سامنے اور دوسری منزل پر موجود اپارٹمنٹس کی آرائش۔

**94-96 مرکز کی آرائش - DRI تفویض: 163,000$**
پرانے کریانہ سٹور کی عمارت کی بحالی اور خالی جگہ کو پارکنگ کی غرض سے منسلک کرنا۔ اس عمارت کا پیشہ ورانہ یا ریٹیل مقام کی غرض سے دوبارہ ماڈل تشکیل دیا جائے گا۔

**تاریخی 48 مرکز کی بحالی - DRI تفویض: 100,000$**
اینکر مین سٹریٹ عمارت کے سامنے والے، جانبی، اور عقب پر واقع سامنے والے حصے کے علاوہ سٹور کے سامنے والے منفرد حصے کی بحالی۔

<u>**چھوٹے کاروباروں کی معاونت**</u>

**کمیونٹی فنڈ کی بنیاد کا آغاز - DRI تفویض: 600,000$**
احیاء کی کوششوں کے لیے عطیات اور کاروباری اداروں کو استعداد میں اضافے میں مدد دینے کی خاطر تکنیکی معاونت فراہم کر کے ڈاؤن ٹاؤن کی بنیاد سطح پر بہتری۔

**نیو یارک کے ریاستی سیکرٹری Robert J. Rodriguez نے کہا،** "ڈاؤن ٹاؤن احیائے نو کا اقدام میسینا جیسی کمیونٹیز کے لیے نہایت کامیاب رہا ہے اور ان پروجیکٹس کے ذریعے تاریخی عمارات کی بحالی اور احیاء کے ذریعے گاؤں کو اپنے ماضی کو عزت بخشنے، جبکہ ایک روشن مستقبل کی جانب پیش رفت میں مدد بھی ملے گی۔ ریاستی محکمے کو اس اہم پروگرام کا حصہ بننے پر فخر حاصل ہے، جو ہمارے ڈاؤن ٹاؤنز کو تقویت بخشتا ہے، نئے عوامی مقام تخلیق کرتا ہے، اور چھوٹے کاروباروں کی معاونت کرتا ہے۔ میسینا کو اس کے پروجیکٹس پر بہت مبارکباد۔"

**امپائر سٹیٹ ڈویلپمنٹ کی صدر، CEO اور کمشنر، Hope Knight کا کہنا تھا کہ،** "یہ پروجیکٹس ڈاؤن ٹاؤن میسینا کا ایک ایسا نیا تصور قائم کرتے ہیں جو چہل قدمی کرنے کے قابل اور متحرک ہے، رہائشیوں اور سیاحوں کو ساحلی کنارے سے بہتر انداز میں مربوط کرتا ہے، تاریخی عمارات کو تجارتی اور رہائشی مراکز میں تبدیل کرتا ہے اور متروکہ مقامات کو دوبارہ قابلِ استعمال بناتا ہے۔ ہم ریاست نیو یارک کے شہری مراکز میں اس سٹریٹیجک سرمایہ کاری کی معاونت پر فخر کرتے ہیں، جو انہیں ایسے مقامات کی شکل دیتی ہے جہاں لوگ رہنا اور آگے بڑھنا چاہتے ہیں۔"

**ریاست نیو یارک گھروں اور کمیونٹی کی تجدید کی کمشنر RuthAnne Visnauskas نے کہا،** "آج کے دن اعلان کردہ آٹھ تفویضات میسینا گاؤں میں مقیم نیو یارک کے باشندگان کے لیے معیارِ زندگی کو بہتر بنائیں گی، اور نئے سیاحوں کو دریا کنارے واقع اس تاریخی کمیونٹی کی جانب متوجہ کرنے میں مدد دیں گی۔ مقامی رہنماؤں کے ساتھ کام کر کے، حقیقی ضروریات کے پیشِ نظر درست سرمایہ کاری کے ذریعے ڈاؤن ٹاؤن احیائے نو کا اقدام نیو یارک بھر کے نواحی علاقوں کو مستحکم کر رہا ہے۔ ساحلی کنارے تک رسائی میں بہتری لانے، خالی مقامات کی تعمیرِ نو، اور چھوٹے کاروباری اداروں کی ترقی میں معاونت کرنے کے ذریعے، DRI ڈاؤن ٹاؤن میسینا میں ایک نئی روح پھونک رہا ہے۔"

**ریاستی سینیٹر Joseph Griffo نے کہا،** "میسینا کی جانب سے پیش کردہ جامع منصوبے نے کمیونٹی کو کامیابی سے فنڈنگ کے حصول کے قابل بنایا ہے جو کہ فرسودہ عمارات کو دوبارہ قابلِ استعمال بنائے گی، رابطوں اور گلی کے منظر میں بہتری لانے کے ساتھ ڈاؤن ٹاؤن میں اضافی تجارتی اور رہائشی مواقع میں معاونت دے گی۔ مذکورہ پروجیکٹس کمیونٹی کو ترقی اور استحکام بخشیں گے اور اسے ایک روشن و تاباں اور پُرعزم مستقبل کے حصول میں مدد دیں گے۔"

**میئر Gregory Paquin نے کہا،** "میسینا گاؤں DRI وصول کنندگان کی خاطر اس اعلان کے لیے پُرجوش ہے۔ ہم اس امید کے ساتھ DRI گرانٹ وصول کنندگان کے ساتھ کام کرنے کا خیرمقدم کرتے ہیں، کہ ڈاؤن ٹاؤن کے علاقے کو حقیقی انداز میں ایک ترقی پذیر، خاندان دوست مقام میں تبدیل کیا جائے گا جہاں سے ہر کوئی لطف اندوز ہو سکے۔DRI سے ملنے والی متوقع عوامی و نجی سرمایہ کاریاں ڈاؤن ٹاؤن کے گرد و نواح کو ایک ایسے پُررونق مرکز میں تبدیل کریں گی جو اعلیٰ معیارِ زندگی پیش کرے اور ترقیٔ نو، کاروبار، ملازمتی تخلیق، اور اقتصادی و رہائشی تنوع کے لیے کشش رکھے۔ یہ راتوں رات تکمیل پانے والا عمل نہیں، اور میری عظیم میسینا کمیونٹی سے گزارش ہے کہ وہ ہمارے اس پورے طریقہ کار پر عمل درآمد کے دوران تحمل سے کام لے۔"

**ڈاؤن ٹاؤن احیائے نو کا اقدام**

ریاست نیویارک DRI، جو اس کے اقتصادی ترقی کے پروگرام کا سنگ بنیاد ہے، ڈاؤن ٹاؤن کے گردونواح کو پُررونق مراکز میں تبدیل کرتا ہے جو اعلیٰ معیار کی زندگی پیش کرتے ہیں اور دوبارہ ترقی، کاروبار، ملازمت کی تخلیق، اور اقتصادی اور ہاؤسنگ تنوع کے لیے کشش رکھتے ہیں۔ ایمپائر اسٹیٹ ڈویلپمنٹ، ہومز اینڈ کمیونٹی رینیوول اور NYSERDA کی مدد سے محکمۂ خارجہ کی سربراہی میں، DRI ایک بے مثال اور جدید "منصوبہ سازی-پھر-عمل" حکمتِ عملی کی نمائندگی کرتی ہے جو فوری طور پر عمل درآمد کے ساتھ تزویراتی منصوبہ بندی کو جوڑتی ہے اور اس کے نتیجے میں ٹھوس، چلنے کے قابل اندرونِ شہر بنتے ہیں جو ریاست نیو یارک کو COVID-19 عالمی وباء کے اثرات سے اپنی معیشت کی تعمیر نو میں مدد کرنے نیز عوامی سواریوں کے استعمال کو فروغ دے کر

اور نجی گاڑیوں پر انحصار کم کر کے ریاست کے جرات مندانہ موسمیاتی اہداف کو حاصل کرنے میں ایک اہم جزو ہیں۔ DRI سے متعلق مزید معلومات یہاں دستیاب ہیں۔

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418